# اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

## پریس ریلیز

اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ایک اعلان کے مطابق بی اے/ بی ایس سی پہلا سالانہ امتحان 2018ء میں شرکت کرنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مذکورہ امتحان انشا اللہ 05 اپریل 2018ء بروز جمعرات سے شروع ہوگا۔ اس امتحان میں شرکت کرنے والے کالج کے سابقہ طلباء/ فیل شدہ/ نئے بیرونی، پرائیویٹ امیدواروں سے داخلہ فیس و داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ 26 جنوری 2018 بروز جمعۃ المبارک ہے۔

**نوٹ: بیرونی یا پرائیوٹ امیدوار کے طور پر صرف وہی طلباء امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں جو پہلے سے رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔ مزید برآں جو امیدوار مقررہ تاریخ تک رجسٹریشن نہیں کروا سکے وہ بھی ڈائریکٹریٹ پرائیویٹ رجسٹریشن سے اپنی رجسٹریشن کرائیں۔**

داخلہ فیس برائے پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | فیس و داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | = | 26 جنوری 2018ء (بروز جمعہ) |
| ۲۔ | داخلہ فیس برائے امتحان بی اے | = | -/2200 روپے |
| ۳۔ | داخلہ فیس برائے امتحان بی ایس سی | = | -/2900 روپے |
| ۴۔ | بی اے کے امیدواروں کے لئے پریکٹیکل فیس | = | -/700 روپے |

داخلہ فیس اور داخلہ فارم بمعہ رجسٹریشن کارڈ ایک ساتھ اور ایک ہی تاریخ یعنی مورخہ 26 جنوری 2018ء (بروز جمعہ) تک وصول کیے جائیں گے۔ نامکمل داخلہ فارم منظور نہیں کئے جائیں گے اور ایسے داخلہ فارم واپس بھیج دیئے جائیں گے۔ یونیورسٹی ایسے داخلہ فارم کے متعلق کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گی۔ پرائیویٹ و بیرونی/ کالجوں کے سابقہ امیدواران اپنے داخلہ فارم حبیب بینک کی متعلقہ مقامی شاخ سے مقررہ امتحانی فیس جمع کرا کر حاصل کر سکتے ہیں۔ نیز داخل فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.iub.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔ کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو اپنے داخلہ فارم متعلقہ کالج کے پرنسپل سے تصدیق کرانا ہونگے۔

(جاری ہے)

پرائیوٹ و بیرونی مرد و خواتین امیدوار اپنے داخلہ فارم مطلوبہ دستاویزات اور فوٹو یونیورسٹی ہذا کے بہاولپور ڈویژن کے کالجز کے پروفیسروں/ ہائر سیکنڈری سکول کے سبجیکٹ سپشلسٹ جو کہ گریڈ 17 یا اس کے اوپر درجہ کے ہیں، جن کے نمونہ/ دستخط شعبہ ہذا میں موجود ہیں سے تصدیق کروانا ہوں گے۔ اگر کسی امیدوار کا داخلہ فارم/ تصاویر ان مقرر کردہ پروفیسروں/ اساتذہ کے علاوہ کسی اور سے تصدیق شدہ موصول ہوئے تو ان کے داخلہ فارم قبول نہیں کئے جائیں گے۔ اور ان کو امتحان میں شمولیت کی اجازت نہ ہوگی۔

بہاولپور، بہاولنگر اور رحیم یار خان اضلاع کے رہائشی مرد اور خواتین اپنے ہی ضلع کی حدود میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینے کے پابند ہونگے۔ بہاولپور ڈویژن کے باہر کے رہائشی مرد و خواتین امیدواروں کو بہاولپور شہر میں قائم کئے گئے امتحانی مراکز میں امتحان دینا ہوگا۔

بہاولپور ڈویژن میں ضلع/ تحصیل/ سب تحصیل کی سطح پر حبیب بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں سے داخلہ بھیجنے والے امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ فیس کی ادائیگی بذریعہ چیک/ ڈرافٹ/ پے آرڈر اور منی آرڈر قابل قبول نہ ہوگی۔

تمام مرد و خواتین کو جو مذکورہ امتحان میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور انٹرمیڈیٹ کی سند/ پاس رزلٹ کارڈ کی مصدقہ کاپی مہیا کریں تاکہ ان کے امتحان میں شریک ہونے کی اہلیت کا فیصلہ کیا جاسکے اور ان کو رول نمبر بروقت ارسال کئے جاسکیں۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے امیدوار اپنے سابقہ امتحان میں شمولیت کا رول نمبر اور سال جس میں انہوں نے امتحان دیا ہو ضرور لکھیں۔ آخر میں اس امر کی اطلاع کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم کے ساتھ فوٹو جمع نہ کرانے اور فارم پر موجود تمام کالم پُر نہ کرنے کی صورت میں امیدواروں کے داخلہ فارم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہونگے۔ کالج کے سابقہ طلباء و طالبات کو داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن کارڈ کی مصدقہ نقل منسلک کرنا ہوگی۔

کنٹرولر امتحانات

بہاولپور

مورخہ: 16 نومبر 2017

(محمد حصین)